سوال

(61) مرنے کے فورا بعد سزا ملے گی یا قیمت میں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آدمی ہندو یا مسلمان مر کے فوراً اپنے نیک یا بد عمل کی سزا و جزا پاتے ہیں یا قیامت میں ملیگی اگر فوراً جزا و سزا پاتے ہیں تا نابالغ لڑکا خواہ کافر کا ہو یا مسلمان کا اور جسکی شریعت معلوم نہیں اور جو پاگل و گونگا ہے ان لوگوں کے ساتھ اللہ تعالے کیا معاملہ کریگا حدیث صحیح سے جواب دیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سزا جزا مرتے ہی شروع ہو جاتی ہے نابالغ یا پاگلوں پر سزا جزا نہیں ہے کافروں کے نابالغ بچوں کو سزا نہیں ہوگی وہ مکلف نہیں ہوئے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 10 ص 105

محدث فتویٰ